حضرت مولانا سید ابو ذر بخاری رحمہ اللہ

غزل

ہمیں حقیقت موت و حیات کیا معلوم
’’نہ ابتدا کی خبر ہے نہ انتہا معلوم‘‘

کچھ اس طرح سے بڑھا ہے تمرّد انساں کا
کہ جیسے رازِ مشیت یہ کر چکا معلوم

بفیضِ یاس مٹا ذوقِ آرزو مندی
ہوا جو اپنا مقدر ہی نارسا معلوم

وہیں وہیں پہ جھکی ہے مری جبینِ نیاز
جہاں جہاں پہ ہوا ترا نقشِ پا معلوم

اگرچہ غم کی حقیقت تو ایک ہے لیکن
ہوئی ہے قلب و جگر کو جدا جدا معلوم

الغازی مشینری سٹور
ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں
بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان 064-2462501